09/01/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گل سے خبریں سُنئے

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہاہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی سرکار جموں کشمیر میں دہشت پسندی کے مکمل خاتمے کے ساتھ دائمی امن کے لئے پُر عزم ہے ۔ نئی دلی میں اعلیٰ سطح کی ایک سکیورٹی جائزہ میٹنگ کے دوران مرکزی وزیر داخلہ نے دہشت پسندی کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر کاربند ہونے کا عزم دہراتے ہوئے کہا کہ مودی سرکار کی متواتر کوششوں سے جموں کشمیر میں دہشت پسندی کے ماحول کو مفلوج کر دیا گیا ہے ۔ میٹنگ میں جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، مرکزی داخلہ سیکریٹری گووِند موہن ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، DGP نلن پربھات اور دیگر سینئر متعلقہ عہدیدار اور افسران بھی موجود تھے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ نے بجلی کی سپلائی اور تقسیم کا ری کے نظام کو مزید مستحکم بنانے اور صارفین کی شکایات کا ازالہ کرنے کی ہدایات دی ہے۔ وہ پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی مجموعی کار گزار ی کا ایک میٹنگ میں جائزہ لے رہے تھے ۔ اسی دوران وزیر اعلیٰ نے محکمہ اسکولی تعلیم کا آغاز کیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ حکومت جموں کشمیر JK e-pathshala چینلDTH کی میں تعلیمی شعبے کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

جتیندر سنگھ

عملے، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ مستقبل کیلئے تیار، جوابدہ اور موثر سرکاری انتظامیہ کیلئے مصنوعی ذہانت کو انسانی انٹلیجنس کے ساتھ مربوط کرکے ایک ہائبرڈ ماڈل بنانا اہمیت کا حامل ہوگا۔ ”صلاحیت سازی کیلئے مصنوعی

ذہانت: حکمرانی میں تبدیلی کرنے" سے متعلق نئی دلّی میں ایک ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے واضح کیا کہ مصنوعی ذہانت کو ایک طاقتور وسیلے کے طور پر دیکھا جانا چاہئے نہ کہ ایک آخری حربے کے طور پر۔

سیاح

سیاحتی سیکٹر کو جموں کشمیر کے اقتصادی منظر نامے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے ۔ مرکزی اور یو ٹی سرکاریں اس صنعت کو فروغ دینے اور اس کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کیلئے کئی اسکیمیں چلا رہی ہیں۔ ادھر ان دنوں کافی تعداد میں سیاح وادی کا رُخ کرکے یہاں کے سرد موسم سے لطف اندوز ہو رہے ہیں خاص طور سے گلمرگ، سونہ مرگ اور پہلگام میں سیاحوں کی خاصی بھیڑ دیکھنے کو ملی رہی ہیں۔

کئی سیاحوں نے اپنے تجربات کا یوں اظہا رکیا۔

DCs

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے ضلعے میں عملائی جا رہی سماجی سلامتی پینشن اور بیمہ سکیموں پر عمل آوری کا جائزہ لیتے ہوئے اس طرح کی سکیموں کے فوائد زیادہ سے زیادہ مستحقین تک پہنچانے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

Digitisation کے ایک علیحدہ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر موصوف نے جمع بندیوں سے متعلق جاری عمل کا بھی جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کھاگ پنچایت کا دورہ کر کے وہاں زیرِ عمل کھیل کے میدان کی تعمیر کا جائزہ لیتے ہوئے وضع شدہ ضوابط کے مطابق پورے معیار کے ساتھ کاموں کی تکمیل یقینی بنانے پر زور دیا ہے ۔

کی ناگا بٹالین کی طرف سے منعقد کردہ بھارت درشن BSF ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے کی BSF ٹیور پروگرام کے تحت بیس طالب علموں کے ایک گروپ کو روانہ کیا ۔ اس موقعہ پر متعلقہ بٹالین کے کمانڈنگ آفیسر بھی موجود تھے ۔

کولگام ضلعے میں گذشتہ چند مہینوں کے دوران 113 منشیات سمگلروں کو گرفتار کر کے 118 FIR درج کئے گئے ہیں ۔ ان باتوں کی جانکاری ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان کی صدارت میں منعقدہ ضلع سطح کی نارکو ،کوآرڈنیشن سینٹر کی ماہانہ میٹنگ کے دوران دی گئی ۔

ڈپٹی کمشنرکپواڑہ شری کانت سوسے نے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول لالہ پورہ میں منعقدہ بلاک دِوس کے ایک پروگرام کے دوران مقامی لوگوں کے مسائل و مشکلات کا بر سر موقع جائیزہ لیا ۔

SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن میں مالی استحکام کو مضبوط کرنے اور ادارے سے دی جانے والی SMC بلدیاتی خدمات میں بہتری لانے کی غرض سے کے کمشنر فضل الحسیب نے شہر کے کئی میونسپل اثاثوں کا دورہ کر کے ان کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے خاص طور پر چنار کمپلیکس بٹہ مالو اور حبہ خاتون کمپلیکس پارِمپورہ کا دورہ کر کے اِن کی مجموعی کارگزاری کا جائزہ لیا ۔

ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****